| مضمون: | اردو | جماعت: | کے جی | موضوع: | مذکر/مونث | دن: | پہلا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ مذکر اور مونث کا فرق جان سکیں۔ مذکر کے مونث لکھ سکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں سے الفاظ میں گنتی ایک تا دس بلند آواز میں پڑھنے کو کہا جائے گا۔<br>**تعارف:**<br>معلّمہ بچوں کو فلیش کارڈ (لڑکا) دکھا کر پوچھے گی کہ کون ہے؟ بچوں کے جوابات کا انتظار کیجیے پھر انھیں بتایئے کہ یہ لڑکا ہے لڑکی کا فلیش کارڈ دکھا کر بتایے یہ لڑکی ہے۔ تمام لڑکوں کو ایک طرف اور تمام لڑکیوں کو دوسری طرف کھڑا ہونے کو کہیے۔ بچوں کو بتایئے کہ ہمارا آج کا عنوان مذکر، مونث ہے۔ مذکر سے مراد تمام لڑکے ہیں جیسا کہ ابو، چچا، تایا، دادا، ماموں اور مونث سے مراد تمام لڑکیاں ہیں مثلاً امی، چچی، تائی، دادی وغیرہ پھر بچوں سے پوچھیے کہ آپ میں سے مذکر کون ہیں اور مونث کون۔ تختہ سفید/سیاہ پر لکیر کھینچ کر مذکر مونث لکھیے مذکر کے نیچے لڑکا لکھیے اور بچوں سے اس کا مونث پوچھیے بچوں کو بار بار مشق کروایئے بھائی مذکر ہے اور بہن مونث ہے ابو مذکر ہے ان کا مونث کیا ہوگا۔<br>**مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو مذکر اور مونث کے فلیش کارڈ دے کر انھیں ترتیب دینے کو کہا جائے گا۔ بچوں کی نگرانی کی جائے گی اور ان کی راہنمائی کی جائے گی۔ بچوں کو کتاب صفحہ نمبر 45 کھولنے کو کہا جائے گا۔ بچوں کے ساتھ مل کر رشتوں کے ناموں کی بلند خوانی کروائی جائے گی۔ بچوں کو ورک شیٹ دی جائے گی اور رشتوں کے ناموں کو ملانے کی مشق کروائی جائے گی (معلّمہ کاپی بھی تیار کرسکتی ہے)۔<br>**اختتامیہ:**<br>پی پی ٹی کے ذریعے مذکر مونث کی دہرائی کروایئے۔<br>**گھر کا کام:** کتاب صفحہ نمبر 56 کیجیے۔ | 5 منٹ<br>10 منٹ<br>20 منٹ<br>5 منٹ | فلیش کارڈ<br>کتاب صفحہ نمبر 45<br>ورک شیٹ<br>مذکر ، مونث<br>لڑکا ، چچی<br>ابو ، نانی<br>دادا ، لڑکی<br>نانا ، امی<br>چچا ، دادی<br>کتاب صفحہ نمبر 56 | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا مذکر مونث کی نشاندہی کرنے پر۔ |

| مضمون: | اردو | جماعت: | کے.جی | موضوع: | مذکر/مونث | دن: | دوسرا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ مذکر اور مونث کا فرق جان سکیں۔ مذکر کے مونث لکھیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں سے مذکر مونث پی پی ٹی کے ذریعے پوچھے جائیں گے۔ | 5 منٹ | مذکر/مونث فلیش کارڈز | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا مذکر مونث کی نشاندہی کرنے پر۔ |
| | **تعارف:**<br>فلیش کارڈز سے الفاظ کی پڑھائی کروائی جائے گی۔تختہ تحریر پر لکھ کر مذکر مونث سمجھایئے۔بچوں کے ہاتھوں میں فلیش کارڈز دیجیے۔مذکر مونث کے جوڑے کھڑے کروا کر پڑھائی کروایئے۔ابو اپنے ہاتھ میں ایک کارڈ پکڑ کر دکھایئے اور جس کے پاس اس کا مونث ہو وہ ہاتھ اُٹھا کر دکھائے۔نانی کا کارڈ دکھایئے اور جس کے پاس اس کا مذکر ہو وہ ہاتھ اُٹھا کر دکھائے کھیل کے انداز میں سکھایئے۔ | 10 منٹ | | |
| | **سرگرمی:**<br>نرم تختہ پر مذکر (لڑکا، ابو، خالو، تایا، دادا، نانا، چچا، تایا) کے فلیش کارڈز چسپاں کیے جائیں گے بچوں سے باری باری ان الفاظ کی بلند خوانی کروائی جائے گی اور پوچھا جائے گا کہ یہ الفاظ مذکر ہیں یا مونث بچوں کو بتایا جائے گا کہ کمرہ جماعت میں ان الفاظ کے مونث چھپائے گئے ہیں۔انھیں تلاش کر کے لائیں اور نرم تختہ پر مذکر کے ساتھ چسپاں کریں۔بچوں سے کتاب صفحہ نمبر 68 کھولنے کو کہا جائے گا۔بچوں کو مذکر کو پڑھ کر ان کے مونث زبانی پوچھے جائیں گے۔مذکر کو مونث سے ملانے میں بچوں کی مدد کی جائے گی۔کتاب میں نیچے دیے گئے جملے تختہ سفید سیاہ پر لکھے جائیں گے اور بچوں سے ان جملوں کی پڑھائی کروائی جائے گی۔ | 20 منٹ | کتاب صفحہ نمبر 68 | |
| | **اختتامیہ:**<br>رشتوں کے مذکر دکھا کر ان کے مونث پوچھے جائیں گے۔ | 5 منٹ | | |

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مضمون: | اردو | جماعت: | کے جی | موضوع: | مذکر/مونث | دن: | تیسرا |

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ مذکر اور مونث کے توڑ لکھ سکیں گے۔ جملوں میں مذکر مونث کی پڑھائی کرسکیں گے۔ | **دہرائی:**<br>پی پی ٹی کے ذریعے مونث دکھا کر ان کے مذکر پوچھے جائیں گے۔ | 5 منٹ | پی پی ٹی | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا مذکر مونث کی نشاندہی کرنے پر۔ |
| | **تعارف:**<br>معلّمہ بچوں کو بتائے گئی کہ آج ہم مذکر اور مونث کے توڑ کرنا سیکھیں گے۔ بچوں کو بتایا جائے گا کہ توڑ سے مراد لفظ کے حروف کو الگ الگ کرنا ہے۔ کوئی بھی لفظ حروف سے مل کر بنتا ہے۔ مثلاً 'لڑکا' چار حرفی لفظ ہے یعنی اس میں چار حروف ہیں آیئے توڑ کر کے دیکھتے ہیں۔ ل + ڑ + ک + ا = لڑکا تختہ سفید/سیاہ پر کیے گئے مذکر اور مونث لکھ کر ان کے توڑ کرنے کی مشق کروائی جائے گی۔ معلّمہ خود بھی تمام الفاظ بلند آواز میں پڑھے گی اور بچوں کو بھی حوصلہ افزائی کی جائے گی۔ | 10 منٹ | | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو تین چار گروپ میں تقسیم کیا جائے گا۔ بچوں کو حروف کے فلیش کارڈز دیئے جائیں گے معلّمہ ہوا میں فلیش کارڈ اٹھا کر دکھائے گی مثلاً ابو بچے فلیش کارڈز میں سے ابو کے توڑ تلاش کریں گے اور معلّمہ جس گروپ کو بلائے گی وہ تختہ سیاہ/سفید پر توڑ چسپاں کریں گے۔ باقی گروپ تختہ سفید/سیاہ سے دیکھ کر اپنے بنائے گئے توڑ کی درستگی کریں گے۔ بچوں کو کتاب صفحہ نمبر 57 پر دیئے گئے مذکر مونث کی پڑھائی کروا کے توڑ کرنے میں مدد کی جائے گی۔ درست کام کرنے پر بچوں کو شاباش دی جائے گی۔ کتاب صفحہ نمبر 57 پر دیئے گئے مذکر مونث کی پڑھائی کروا کے توڑ کرنے میں مدد کی جائے گی۔ کتاب صفحہ نمبر 57 پر نیچے لکھے گئے جملے تختہ سیاہ/سفید پر لکھ کر ان کی پڑھائی کروائی جائے گی۔ | 20 منٹ | حرف فلیش کارڈز مذکر/مونث فلیش کارڈز کتاب صفحہ نمبر 57 | |
| | **اختتامیہ:** بچوں سے ابو، امی، دادا، دادی اور نانا، نانی کے توڑ پوچھے جائیں گے۔<br>**گھر کا کام:** دیئے گئے الفاظ میں مونث کے گرد دائرہ بنایئے۔ (کاپی ایک دن پہلے تیار کیجیے)۔ | 5 منٹ | کاپی ورک | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | کے جی | موضوع: | ہم آواز الفاظ | دن: | چوتھا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ ہم آواز الفاظ کی پہچان اور لکھائی کر سکیں۔ | **دہرائی:** بچوں سے مذکر اور مونث کے فلیش کارڈز کے ذریعے پڑھائی کروائی جائے گی۔ | 5 منٹ | | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا ہم آواز الفاظ کی نشاندہی اور لکھائی کرنے پر۔ |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو یاد کروایا جائے گا کہ حروف کو ملا کر لفظ بنتا ہے اور لفظ کی جمع الفاظ ہیں وہ الفاظ جن کی آواز ایک جیسی ہو اور جن کے آخری حروف بھی ایک جیسے ہوں ان کو ہم آواز الفاظ کہتے ہیں۔ اگر الفاظ کے آخری حروف ایک جیسے ہوں گے تو آواز بھی ایک جیسی ہوگی۔ آیئے مثال کے ذریعے اس کو سمجھتے ہیں بچوں کو آپ کا فلیش کارڈ دکھا کر بتایا جائے گا کہ اُس کی آخری آواز 'پ' کی ہے۔ اب ہم کوئی سے دو ایسے الفاظ بنائیں گے جس کے آخر میں 'پ' آتا ہے۔ تختہ سیاہ/ سفید پر باپ اور ناپ لکھ کر بچوں کو ہم آواز الفاظ کی پہچان کروایئے۔ آج کا فلیش کارڈ دکھا کر اس کے ہم آواز الفاظ بنوایئے جیسا کہ تاج، راج۔ | 10 منٹ | | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>تین تین طلبہ کے گروپ بنائیں۔ ہر گروپ کو ایک لفظ دیں۔ جیسے بات، جال، کام۔ ہر گروپ کو دو دو ہم الفاظ بنانے کو کہا جائے گا تختہ سفید سیاہ میں خانے بنا کر بچوں کے بتائے گئے ہم آواز لکھیے۔<br>بات ساتھ پات<br>جال بال چال<br>کام شام جام<br>گروپ کو ہم آواز لفظ سوچنے کو کہیں اور باری باری تختہ سیاہ/ سفید پر لکھیں بچوں سے کتاب صفحہ نمبر 53 کھولنے کو کہا جائے گا۔ دیے گئے الفاظ پڑھنے میں بچوں کی مدد کی جائے گی اور انھیں ہر لفظ کے سامنے ہم آواز الفاظ لکھنے کو کہا جائے گا۔ | 20 منٹ | کتاب صفحہ نمبر 53 | |
| | **اختتامیہ:** بچوں سے پوچھا جائے گا کہ ہم آواز الفاظ کون سے الفاظ ہوتے ہیں۔ | 5 منٹ | | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | کے جی | موضوع: | جملہ سازی | دن: | پانچواں |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ مکمل اور بامعنی جملہ پڑھ اور لکھ سکیں۔ | **دہرائی:**<br>تختہ سیاہ پر مختلف الفاظ لکھ کر ان کی پڑھائی کروائی جائے گی ( کتاب، میری، ابو، ہے، باجا، لائے، وہ)۔<br>**تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ یہ مختلف الفاظ ہیں۔ اگر ہم الفاظ کو اکٹھا کر دیں تو ایک مکمل اور بامعنی جملہ بن سکتا ہے۔ ہمارا آج کا عنوان جملہ سازی ہے۔ الفاظ کے اس مجموعہ پر غور کریں ابو باجا ( مجموعہ کا مطلب ہے جمع کرنا یا اکٹھا کرنا ) جب ہم کچھ الفاظ کو اکٹھا ایک جگہ لکھتے ہیں تو وہ الفاظ کا مجموعہ بن جاتا ہے۔ اب الفاظ کے اس مجموعے پر غور کریں۔ ابو جان کیا آپ کو یہ مجموعہ نامکمل سا نہیں لگ رہا۔ اس سے کوئی بات سمجھ نہیں آ رہی۔ اس لیے یہ مکمل جملہ نہیں اگر ہم ابو باجا لائے ،لکھ دیں تو کیا یہ مکمل جملہ ہے؟ مختلف جملے تختہ سیاہ/ سفید پر لکھ کر بچوں سے ان کی بلند خوانی کروائیے۔<br>**مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو چار کے گروپ میں تقسیم کیا جائے گا بچوں کو الفاظ کے فلیش کارڈز دے کر ایک مکمل اور بامعنی جملہ بنانے کو کہا جائے گا۔ جملہ بنانے کے بعد ہر گروپ اپنا جملہ با آواز بلند جماعت میں پڑھ کر سنائیں گے۔ بچوں سے کتاب صفحہ نمبر 15 کھولنے کو کہا جائے گا جملوں کو پڑھنے میں بچوں کی مدد کی جائے گی بچوں کو جملے لکھنے اور تصاویر میں رنگ بھرنے کو کہا جائے گا۔<br>**اختتامیہ:**<br>بچوں سے اپنے بارے میں ایک ایک جملہ بولنے کو کہا جائے گا۔<br>**گھر کا کام:**<br>کتاب صفحہ نمبر 16 پر دیئے گئے جملوں کو پڑھیے لکھیے اور تصاویر میں رنگ بھریے۔ | 5 منٹ<br>10 منٹ<br>20 منٹ<br>5 منٹ | الفاظ فلیش کارڈز<br>کتاب صفحہ نمبر 53<br>کتاب صفحہ نمبر 16 | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا درست جملہ سازی کرنے پر۔ |